حکومت پاکستان

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

(ریونیو ڈویژن)

اسلام آباد، 18 ستمبر، 2018ء

نوٹیفکیشن

(فیڈرل ایکسائز)

S.R.O.1150(I)/2018- فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005ء کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعہ (3) کی شق (b) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو یہ حکم جاری کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہے کہ درج ذیل جدول کے کالم (3) میں صراحت کردہ پاکستان کسٹمز ٹیرف ہیڈنگ کے تحت آنے والی اشیاء جن کی تخصیص کالم (2) میں کی گئی ہے پر ایکسائز ڈیوٹی کالم (4) میں مختص کردہ فکسڈ شرحوں سے لاگو اور وصول کی جائے گی، یعنی:-

جدول

سیریل نمبر	پرچون میں قیمت	پی سی ٹی عنوان	فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی شرح
(1)	(2)	(3)	(4)
1	مقامی طور پر تیار ہونے والے سگریٹ اگر پیکٹ پر ان کی شائع کردہ ریٹیل قیمت چار ہزار پانچ سو روپے فی ہزار سگریٹ سے زائد ہو	24.02	چار ہزار پانچ سو روپے فی ہزار سگریٹ
2	مقامی طور پر تیار ہونے والے سگریٹ اگر پیکٹ پر ان کی شائع کردہ ریٹیل قیمت دو ہزار نو سو پچیس روپے فی ہزار سگریٹ سے زائد لیکن چار ہزار پانچ سو روپے فی ہزار سگریٹ سے زائد نہ ہو	24.02	ایک ہزار آٹھ سو اور چالیس روپے فی ہزار سگریٹ
3	مقامی طور پر تیار ہونے والے سگریٹ اگر پیکٹ پر	24.02	ایک ہزار دو سو اور پچاس روپے فی ہزار سگریٹ

	ان کی شائع کردہ ریٹیل قیمت دو ہزار نو سو پچیس روپے فی ہزار سگریٹ سے زائد نہ ہو		

[C.No.5/120-STB/2018]

محمد ظہیر قریشی

سیکرٹری (ST&FE بجٹ)